جو شخص سچے دل سے اللہ سے شہادت مانگے گا، اللہ اسے شہیدوں کے مرتبوں تک پہنچا دے گا، اگرچے اس کی وفات اپنے بستر پر ہی ہوئی ہو"

سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا : "جو شخص سچے دل سے اللہ سے شہادت مانگے گا، اللہ اسے شہیدوں کے مرتبوں تک پہنچا دے گا، اگرچے اس کی وفات اپنے بستر پر ہی ہوئی ہو"

[صحیح] [رواہ مسلم]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ جس شخص نے شہادت اور اللہ کی راہ میں ہونے والی موت طلب کی، اگر وہ اپنی اس نیت میں سچا اور اللہ عز و جل کی خوش نودی حاصل کرنے والا رہا، تو اسے اللہ اس کی سچی نیت کی بنا پر شہیدوں کا درجہ عطا کرے گا، اگرچے اس کی موت بستر ہی پر کیوں نہ ہوئی ہو

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3157